© rasailojaraid.com



بھی بے محل نظر آتی ہے۔ یہی ایک وجہ ہے کہ ہم سرے سے ان مباحث ہی کو غلط سمجھتے ہیں۔ چاہے وہ مولانا مودودی کی طرف سے ہوں چاہے کسی دوسرے کی طرف سے

اس کتاب کے شروع میں مولانا یوسف بنوری کا ایک مقالہ بھی درج ہے جو انہوں نے اپنے پرچے "بینات" میں لکھا تھا۔ شاید اسے کاروباری مصالح کی بنا پر بڑھایا گیا ہے

کتاب کی کتابت رنگارنگ کی ہے اور طباعت بھی اسی طرح بوقلموں۔ کاغذ البتہ اچھا ہے۔ زبان و بیان بھی برے نہیں لیکن نہ جانے شعر پر کیوں "نظر کرم" ہو گئی۔ عرض مصنف سے لے کر آخر کتاب تک ہر جگہ شعر دست بستہ پناہ مانگتا نظر آتا ہے۔ اگر اس پر رحم ہی کیا جاتا تو بہتر تھا۔ ۵۸۴ صفحے کی اس کتاب کی قیمت ۱۲/۷۵ ہے اور یہ مصنف کے پتہ حافظ صلاح الدین یوسف امام مسجد اہلحدیث مصطفےٰ آباد۔ لاہور سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

---

## صحیح مسلم انگریزی ترجمہ

یہ انتہائی خوشی اور مسرت کی بات ہے کہ پوری اسلامی تاریخ میں شاید پہلی مرتبہ حدیث رسول ؐ کی مستند ترین کتاب صحیح مسلم کا انگریزی زبان میں ترجمہ ہوا ہے اور ترجمہ بھی اس طرح کا کہ اس میں حدیث کے مفہوم و معنی کی ادائیگی کا حق ادا کر دیا گیا ہے اور وہ خوش نصیب جنہیں اس کی سعادت حاصل ہوئی ہے، اس سے تو پروفیسر عبدالحمید صدیقی ہیں جنہوں نے واقعی دیدہ دری اور عرق ریزی کا حق ادا کر دیا اور دوسرے انگریزی کے مشہور ناشر شیخ محمد اشرف کہ اس محنت محبت اور ذوق سے اسے شائع کرنے کا اہتمام کیا کہ ادائیگی حق میں کوتاہی نہیں کی۔

پروفیسر عبدالحمید صدیقی انگریزی کے باکمال لکھنے والے ہیں۔ اس سے پیشتر انہوں نے سیرت پہ ایک مفصل اور ضخیم کتاب ترتیب دے کر اپنوں اور بیگانوں سے خراجِ تحسین حاصل کیا اور اس عظیم کام کا بیڑا اٹھا کے تو انہوں نے زندگی جاوید کا سامان بہم کر لیا ہے۔

انہوں نے احادیث کے خوبصورت ترجمے کے ساتھ ساتھ بڑی کاوش و کوشش سے "توضیحی حواشی" چڑھا کر اس کی قدر و قیمت میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ یہ ایک الگ اور مستقل کام ہے جس پر پروفیسر صدیقی جنہوں نے یہ کام کیا اور شیخ محمد اشرف جنہوں نے ان سے یہ کام لیا پوری امت کے شکریے کے مستحق ہیں

باقی بر صد ۲۶

© rasailojaraid.com